**قانون ساز کونسل کے عام انتخابات کا خلاصہ 2021**

## الیکشن کا خلاصہ

### قانون ساز کونسل کے عام انتخابات کے لیے پولنگ کا انتظام

- پولنگ کی تاریخ: 19 دسمبر 2021 (اتوار)
- پولنگ کے اوقات: صبح 8:30 بج سے رات 10:30 بجے (سوائے تعزیراتی اداروں کے مخصوص پولنگ اسٹیشنوں کے جن کے پولنگ کے اوقات صبح 9:00 بجے سے شام 4:00 بجے تک ہوں گے)

### نامزدگی کی مدت

- نامزدگی کی مدت: 30 اکتوبر 2021 سے 12 نومبر 2021
- نامزدگی کے فارم دفتر برائے اندراج و انتخاب [رجسٹریشن اینڈ الیکٹورل آفس( ("REO")] کی ویب سائٹ (www.reo.gov.hk)سے ڈاؤن لوڈ کیے جا سکتے ہیں ، یا درج ذیل دفاتر سے مفت حاصل کیے جا سکتے ہیں۔
  - ضلعی دفاتر
  - ریٹرننگ افسران کے دفاتر؛ یا
  - REO کے دفاتر (10/F, Harbour Centre, 25 Harbour Road, Wan Chai, Hong Kong or Unit 2301-03, 23/F, Millennium City 6, 392 Kwun Tong Road, Kwun Tong, Kowloon)

### قانون ساز کونسل کا خلاصہ

**انتخابی نظام کو بہتر بنانا (جامع ترامیم ) آرڈیننس 2021**

نیشنل پیپلز کانگریس ("NPC") نے 11 مارچ 2021 کو ہانگ کانگ خصوصی انتظامی خطہ ("فیصلہ") کے انتخابی نظام کی بہتری کے بارے میں فیصلہ پاس کیا اور NPC کی قائمہ کمیٹی ("NPCSC") کو ہانگ کانگ خصوصی انتظامی خطہ کے چیف ایگزیکٹو کے انتخاب کے لیے طریقہ کار سے متعلق بیسک لاء کے ضمیمہ اوّل میں اور HKSAR کی قانون ساز کونسل کی تشکیل کے لیے طریقہ کار اوراس کی ووٹنگ کے طریقہ کار سے متعلق بیسک لاء کے ضمیمہ دوم میں ترمیم کا اختیار دیا ہے - NPCSC نے 30 مارچ 2021 کو بیسک لاء میں ترمیم شدہ ضمیمہ اوّل اور ضمیمہ دوم کو اپنایا۔ نئے ترمیم شدہ ضمیمہ اوّل اور ضمیمہ دوم کو بنیادی قانون کے نفاذ کے لیے ، بہتر انتخابی نظام (جامع ترامیم) آرڈیننس 2021 جو کہ LegCo نے منظور کیا تھا گزٹ میں شائع ہوا اور 31 مئی 2021 کو نافذ ہوا۔

**<u>بناوٹ</u>**

بیسک لاء کے فیصلے اور ضمیمہ دوم کے مطابق ، HKSAR کا LegCo درج ذیل 90 ممبروں پر مشتمل ہوگا:

- o الیکشن کمیٹی کی طرف سے منتخب کیے گئے ارکان : 40 افراد
- o فنکشنل حلقوں کی طرف سے منتخب کیے گئے ارکان : 30 افراد
- o جغرافیائی حلقوں کی طرف سے منتخب کیے گئے ارکان : 20 افراد
  **<u>براہ راست انتخابات کے ذریعے</u>**

- عہدے کی مدت چار سال ہے۔

**<u>الیکشن کمیٹی حلقہ بندیاں ("الیکشن کمیٹی کونسچیچوئینسی") (“ECC”) - 40 نشستیں</u>**

**نامزدگی اور امیدوار**

- 21 سال یا اس سے زیادہ عمر کے تمام رجسٹرڈ جغرافیائی حلقے ("GC") کے انتخاب کنندگان نامزدگی سے پہلے جو عام طور پر 3 سال تک ہانگ کانگ میں رہتے رہے ہیں ، امیدوار نامزد کیے جا سکتے ہیں ، یعنی امیدواروں کو الیکشن کمیٹی ("EC") کا رکن بننے کی ضرورت نہیں ہے۔
- ہر امیدوار کو کم از کم 10 ، لیکن زیادہ سے زیادہ 20 ، EC کے ممبران کی طرف سے نامزد کیا جائے گا ، بشمول EC کے 5 شعبوں میں ہر ایک سے کم از کم 2 لیکن زیادہ سے زیادہ 4 ممبران کے۔
- EC کا ہر ممبر صرف 1 امیدوار نامزد کر سکتا ہے۔

**پولنگ**

- EC (الیکشن کمیشن) کے ممبران نامزد امیدواروں کی فہرست کی بنیاد پر خفیہ بیلٹ کے ذریعے اپنا ووٹ ڈالیں گے۔ بیلٹ پیپر صرف اس صورت میں درست ہوتا ہے جب بیلٹ پیپر میں موجود ووٹوں کی تعداد واپس آنے والے ارکان کی تعداد کے برابر ہو۔ 40 امیدوار جو سب سے زیادہ ووٹ حاصل کریں گے وہ الیکشن میں واپس آ جائیں گے۔

**<u>فنکشنل حلقہ بندیاں (فنکشنل کونسچیچوئینسیز) ("FCs") - 30 نشستیں</u>**

**28 FC کی بناوٹ اور مختص کردہ نشستیں**

| | FCs | نشستیں | الیکٹوریٹس کی تشکیل | |
|---|---|---|---|---|
| | | | انفرادی | تنظیمیں |
| 1 | ہیونگ یی کوک | 1 | ✔ | |
| 2 | زراعت اور ماہی گیری (اگریکلچر اینڈ فشریز) | 1 | | ✔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ✔ | | 1 | انشورنس | 3 |
| ✔ | | 1 | ٹرانسپورٹ | 4 |
| | ✔ | 1 | تعلیم (ایجوکیشن) | 5 |
| | ✔ | 1 | قانونی (لیگل) | 6 |
| | ✔ | 1 | اکاؤنٹینسی | 7 |
| | ✔ | 1 | طب (میڈیکل) اور صحت کی خدمات(ہیلتھ سروسز) | 8 |
| | ✔ | 1 | انجینئرنگ | 9 |
| | ✔ | 1 | آرکیٹیکچرل ، سروینگ ، پلیننگ اور لینڈسکیپ | 10 |
| ✔ | | 3 | مزدور(لیبر) | 11 |
| | ✔ | 1 | سماجی بہبود ( سوشل ویلفیئر) | 12 |
| ✔ | | 1 | ریئل اسٹیٹ اور تعمیرات (ریئل ایسٹیٹ اینڈ کنسٹرکشن) | 13 |
| ✔ | | 1 | سیاحت (ٹورزم) | 14 |
| ✔ | | 1 | کمرشل ( اول) | 15 |
| ✔ | | 1 | کمرشل (دوم) | 16 |
| ✔ | | 1 | کمرشل ( سوم) | 17 |
| ✔ | | 1 | صنعتی (انڈسٹریل) (اول) | 18 |
| ✔ | | 1 | صنعتی (انڈسٹریل) (دوم) | 19 |
| ✔ | | 1 | مالیاتی (فائنینس) | 20 |
| ✔ | | 1 | مالی خدمات(فائینینشل سروسز) | 21 |
| ✔ | | 1 | کھیل ، پرفارمنگ آرٹس ، کلچر اور اشاعت ( سپورٹس ، پرفورمِنگ آرٹس ، کلچر اینڈ پبلیکیشن) | 22 |
| ✔ | | 1 | درآمد اور برآمد (امپورٹ اینڈ ایکسپورٹ) | 23 |
| ✔ | | 1 | کپڑے اور ملبوسات(ٹیکسٹائل اینڈ گارمنٹ) | 24 |
| ✔ | | 1 | ہول سیل اور ریٹیل | 25 |
| ✔ | | 1 | ٹیکنالوجی اور جدت | 26 |
| ✔ | | 1 | کیٹرنگ | 27 |
| | ✔ | 1 | HKSAR نیشنل پیپلز کانگریس کے نائبین ، چینی عوامی سیاسی مشاورتی کانفرنس کی قومی کمیٹی (نیشنل کمیٹی آف دا چائینیز پیپلز پالیٹیکل کونسلٹیٹو کانفرنس)("CPPCC") کے HKSAR ارکان اور متعلقہ قومی تنظیموں کے نمائندے | 28 |
| | | **30** | **کل:** | |

ریمارکس:

FC کے اہل کارپوریٹ انتخاب کنندگان ایسے اداروں ، تنظیموں ، انجمنوں یا انٹرپرائزز پر مشتمل ہونے چاہییں جو قانون کے مطابق مخصوص ہیں۔ جب تک HKSAR کے انتخابی قانون میں بیان نہیں کیا جا ئے ، ایک ایسوسی ایشن یا انٹرپرائز FC کے لیے کارپوریٹ انتخاب کنندہ بن سکتا ہے صرف اس صورت میں جب وہ FC کے لیے متعلقہ قابلیت حاصل کرنے کے بعد کم از کم 3 سال سے کام کر رہا ہو۔

**نامزدگی اور امیدوار**

- 21سال یا اس سے زیادہ عمر کے تمام رجسٹرڈ GC انتخاب کنندگان جو نامزدگی سے قبل فوراً 3 سال سے ہانگ کانگ میں رہتے رہے ہیں؛ اور متعلقہ FC کے رجسٹرڈ انتخاب کنندگان یا اس FC کے ساتھ کافی تعلق رکھنے والے امیدوار جن کو نامزد کیا جا سکتا ہے۔
- امیدواروں کو درج ذیل دو معیارات کو پورا کرنا ہوگا:

1. متعلقہ FC کے کم از کم 10 ، لیکن زیادہ سے زیادہ 20 انتخاب کنندگان کے زریعے نامزد کیا گیا؛ اور
2. ہر امیدوار کو کم از کم 10 ، لیکن زیادہ سے زیادہ 20 ، EC کے ممبران کی طرف سے نامزد کیا گیا ، بشمول EC کے 5 شعبوں میں ہر ایک سے کم از کم 2 لیکن زیادہ سے زیادہ 4 ممبران کے۔

- EC کا ہر ممبر FC الیکشن میں صرف ایک امیدوار کو بطور EC ممبر نامزد کر سکتا ہے۔ ہر رجسٹرڈ FC انتخاب کنندہ اپنے متعلقہ FC میں صرف ایک امیدوار کو FC انتخاب کنندہ کے طور پر نامزد کر سکتا ہے (سوائے لیبر FC کے انتخاب کنندگان کے جو زیادہ سے زیادہ 3 امیدواروں کو نامزد کر سکتے ہیں)۔

**پولنگ**

- ہر حلقے کے انتخاب کنندہ بیلٹ کے ذریعے اپنے حلقے کے LegCo ممبر کا انتخاب کریں گے۔

**<u>جغرافیائی حلقہ بندیاں(جیوگرافیکل کونسچیچوئینسیز("GCs")</u>**

**الیکشن کا خاکہ اور نظام**

- ہانگ کانگ کے علاقوں کو 10 GCs میں تقسیم کیا جائے گا۔ ہر حلقہ 2 LegCo اراکین کو منتخب کرے گا۔
  10 GC مندرجہ ذیل ہیں:

  - ہانگ کانگ آئیلینڈ ایسٹ
  - ہانگ کانگ آئیلینڈ ویسٹ
  - کولون ایسٹ
  - کولون ویسٹ
  - کولون سینٹرل
  - نیو ٹیریٹری ساؤتھ ایسٹ
  - نیو ٹیریٹریز نارتھ
  - نیو ٹیریٹریز نارتھویسٹ
  - نیو ٹیریٹریز ساؤتھویسٹ
  - نیو ٹیریٹریز نارتھ ایسٹ

**نامزدگی اور امیدوار**

- 21 سال یا اس سے زیادہ عمر کے تمام رجسٹرڈ GC انتخاب کنندگان جو نامزدگی سے پہلے 3 سال تک عام طور پرہانگ کانگ میں رہتے رہے ہیں ، بطور امیدوار نامزد کیے جا سکتے ہیں۔
- امیدواروں کو درج ذیل دو معیارات کو پورا کرنا ہوگا:

1. متعلقہ GC کے کم از کم 100 ، لیکن زیادہ سے زیادہ 200 انتخاب کنندگان کے زریعے نامزد کیا گیا؛ اور
2. ہر امیدوار کو کم از کم 10 ، لیکن زیادہ سے زیادہ 20 ، EC کے ممبران کی طرف سے نامزد کیا گیا ، بشمول EC کے 5 شعبوں میں ہر ایک سے کم از کم 2 لیکن زیادہ سے زیادہ 4 ممبران کے۔

- EC کا ہر ممبر GC الیکشن میں صرف ایک امیدوار کو بطور EC ممبر نامزد کر سکتا ہے۔ ہر رجسٹرڈ GC انتخاب کنندہ اپنے متعلقہ GC میں صرف 1 امیدوار کو GC انتخاب کنندہ کے طور پر نامزد کر سکتا ہے ۔

**پولنگ**

- انتخاب کنندہ بیلٹ کے ذریعے ایک امیدوار کا انتخاب کر سکتے ہیں ، اور دو امیدوار جو سب سے زیادہ ووٹ حاصل کرتے ہیں وہ الیکشن میں منتخب کیے جائیں گے۔

**کون ووٹ ڈال سکتا ہے؟**

- صرف رجسٹرڈ انفرادی اور کارپوریٹ انتخاب کنندگان جن کے نام 2021 کے حتمی رجسٹر آف انتخاب کنندگان میں شامل کیے گئے ہیں وہ الیکشن میں اپنا ووٹ ڈالنے کے اہل ہیں ، اور متعلقہ رجسٹرز 29 اکتوبر 2021 کو شائع کیے جائیں گے۔ ECC کے لیے ، صرف وہ ممبران جن کے نام EC ممبران کے حتمی رجسٹر میں شامل کیے گئے ہے وہ نامزدگی اور ووٹ دینے کے اہل ہیں اور متعلقہ رجسٹرز 22 اکتوبر 2021 کو شائع کیے جائیں گے۔
https://www.voterregistration.gov.hk/eng/statistic.html

**مشترکہ پولنگ کا انتظام**

- تمام انتخاب کنندگان یا مجاز نمائندوں (AR) کی سہولت کے لیے پولنگ کے مشترکہ انتظامات کیے جائیں گے۔ اس انتظام کے تحت ، ایک EC ممبر / ایک اہل انتخاب کنندہ / ایک AR وہ تمام ووٹ ڈالے گا جسے وہ اس پولنگ اسٹیشن پر ڈالنے کا حقدار ہے۔

**ووٹ کہاں ڈالیں**

- ECC کے انتخاب کنندگان کے علاوہ ، ہر انتخاب کنندہ یا مجاز نمائندے (ARs) کو اس کے رہائشی پتے کے قریب نامزد عام پولنگ اسٹیشن پر متعین کیا جائے گا جہاں تک ممکن ہو۔ ECC انتخاب کنندگان کے لیے انہیں ECC پولنگ اسٹیشن پر متعین کیا جائے گا۔
- زیر حراست انتخاب کنندہ یا مجاز نمائندے (ARs) کو مناسب طور پر تعزیراتی اداروں یا تھانوں میں مختص کردہ پولنگ اسٹیشنوں پر ووٹ ڈالنے کا اہتمام کیا جائے گا۔
- **پولنگ** کے دن سے کم از کم 10 دن قبل انفرادی انتخاب کنندہ یا مجاز نمائندے (ARs)کو ووٹنگ کارڈ جاری کیا جائے گا ، جس میں متعلقہ انتخاب کنندہ یا مجاز نمائندے کے نامزد کردہ پولنگ اسٹیشن کے بارے میں معلومات دی جائے گی ۔
- اگر پولنگ اسٹیشن کسی ایسے انتخاب کنندہ یا مجاز نمائندے (ARs)کو مختص کیا گیا ہو جو خاص لوگوں کے

لیے قابل رسائی ہو (اگر وہ انتخاب کنندہ یا مجاز نمائندہ (ARs)جو وہیل چیئر استعمال کرتے ہیں یا نقل و حرکت میں دشواری کا شکار ہیں) تو اس کا زکر ان کے ووٹنگ کارڈ سے منسلک مقام کے نقشے میں واضح کیا جائے گا اگر وہ انتخاب کنندہ یا مجاز نمائندہ(ARs) جو وہیل چیئر استعمال کرتے ہیں یا نقل و حرکت میں دشواری کا شکار ہیں اور ان کا نامزد پولنگ اسٹیشن قابل رسائی نہیں ہے ، وہ اس حلقے کے لیے مخصوص پولنگ اسٹیشن پر ووٹ ڈالنے کے لیے REO سے درخواست دے سکتے ہیں جس کے لیے وہ فیکس کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا حقدار ہے ( 1180 2891) ، ای میل کے ذریعے (reoenq@reo.gov.hk) ، ٹیلی فون کے ذریعے ( 2891 1001) یا ڈاک کے ذریعے (10/F Harbour Centre, 25 Harbour Road, Wan Chai, Hong Kong) 14 دسمبر 2021 سے پہلے۔

- اگر انتخاب کنندگان یا مجاز نمائندوں (ARs)کو ووٹنگ سے متعلق معلومات کی ترجمانی میں مدد درکار ہے تو وہ 6 سے 10 دسمبر 2021 اور 13 سے 19 دسمبر 2021 تک درج ذیل ہاٹ لائن کے ذریعے نسلی اقلیتی مرکز ("CHEER") پر کال کر سکتے ہیں۔

| زبان | ہاٹ لائن نمبر |
| --- | --- |
| بھاسا انڈونیشیا | 3755 6811 |
| ہندی | 3755 6877 |
| نیپالی | 3755 6822 |
| پنجابی | 3755 6844 |
| تگا لوگ | 3755 6855 |
| تھائی | 3755 6866 |
| اردو | 3755 6833 |
| ویتنامی | 3755 6888 |

## ووٹ کیسے دیں

اپنے نامزد پولنگ اسٹیشن میں 19 دسمبر 2021 (اتوار) کو پولنگ کے اوقات (صبح 8:30 بجے سے رات 10:30) کے دوران اپنے ہانگ کانگ شناختی کارڈ (HKID کارڈ) یا دیگر مخصوص متبادل دستاویز (دستاویزات) ساتھ لائیں (برائے مہربانی تفصیلات کے لیے ذیل میں بیلٹ پیپر (پیپرز) لینے کے لیے درکار دستاویز (دستاویزات) کے سیکشن کا ملاحظہ کریں) اور پولنگ اسٹیشن کے اندر پولنگ عملے کے سامنے پیش کریں۔ آپ کا HKID کارڈ حاصل کرنے کے بعد ، پولنگ عملہ آپ سے اپنے چہرے کا ماسک عارضی طور پر اتارنے اور بصری چیکنگ کرنے کو کہے گا۔ پولنگ عملہ آپ کے HKID کارڈ کو سکین کرنے کے لیے الیکٹرانک پول رجسٹر ("EPR")سسٹم کی ایک ٹیبلٹ کا استعمال کرے گا تاکہ یہ معلوم کیا جا سکے کہ آیا آپ متعلقہ حلقے (حلقوں) کے انتخاب کنندہ اور/یا مجاز نمائندہ(AR) ہیں ، اور بیلٹ پیپر کے نمبر اور قسم (قسموں) کے جس کے آپ حقدار ہیں۔ تصدیق کے بعد ، پولنگ عملہ آپ کو بیلٹ پیپر دے گا اور EPR سسٹم آپ کو بیلٹ پیپر جاری کرنے کا ریکارڈ بنائے گا۔

- پولنگ عملہ آپ کی انتخابی اہلیت کے مطابق بیلٹ پیپر جاری کرے گا اور ایک گتہ جس کے ساتھ "☐" کی مہر بھی جاری کرے گا۔ ایک سیاہ قلم بھی ECC کے انتخاب کنندہ کو دیا جائے گا۔ اس کے بعد ، آپ فوری طور پر ووٹنگ کمپارٹمنٹ میں سے ایک میں جائیں
- براہ کرم پولنگ عملے کی طرف سے دی گئی ہدایات کے ساتھ ساتھ بیلٹ پیپر پر چھپی ہوئی ہدایات ، گتے اور ووٹنگ کمپارٹمنٹ کے اندر موجود نوٹس پر عمل کریں۔ آپ بیلٹ پیپر پر ووٹنگ کمپارٹمنٹ کے اندر نشان لگائیں۔
- GCs/FCs کے لیے ، بیلٹ پیپر پر گتے کے ساتھ جڑی مہر کو اپنی پسند کے GC اور/یا FC امیدواروں کے

نام (ناموں) کے برعکس دائرے میں "☐" پر مہر لگانے کے لیے استعمال کریں۔ . (لیبر FC کا ہر مجاز نمائندہ تین امیدواروں کا انتخاب کر سکتا ہے)۔

- ECC کے لیے ، آپ کو بیلٹ پیپر پر 40 سے **نہ زیادہ نہ کم** امیدواروں کو ووٹ دیں۔ آپ پولنگ سٹیشن کی طرف سے فراہم کردہ قلم کے زریعے اپنی پسند کے امیدواروں کے ناموں کے مقابل بیضوی شکل کو فراہم کردہ قلم سے بھریں۔
- ہر ووٹنگ کمپارٹمنٹ کو ایک وقت میں ایک انتخاب کنندہ /مجاز نمائندہ استعمال کرے گا۔ ووٹنگ کی آزادی اور ووٹوں کی رازداری کے اصولوں کی بنیاد پر ، قانون کے تحت کسی کو بھی (چاہے وہ انتخاب کنندہ کا رشتہ دار یا دوست ہی کیوں نہ ہو) اپنے ووٹ ڈالنے کے لیے انتخاب کنندہ کا ساتھ دینا یا اس کی مدد کرنا ممنوع ہے۔
- آپ کو اپنے بیلٹ پیپر کو فولڈ نہیں کرنا چاہیے۔ بیلٹ پیپر پر نشان لگانے کے بعد:

a) ایک GC انتخاب کنندہ کو GC بیلٹ پیپر کو نشان زدہ حصہ نیچے کی طرف کر کے **نیلے** بیلٹ باکس میں داخل کرنا چاہیے ۔

b) FC کے ایک انتخاب کنندہ یا مجاز نمائندہ کو FC بیلٹ پیپر کو نشان زدہ حصہ نیچے کی طرف کر کے **سرخ** بیلٹ باکس میں داخل کرنا چاہیے ۔ اور

c) ECC کا انتخاب کنندہ ECC پولنگ اسٹیشن میں نصب آپٹیکل مارک ریکگنیشن مشین استعمال کرنے کا انتخاب کر سکتا ہے تاکہ اس بات کی تصدیق کی جا سکے کہ بیلٹ پیپر پر امیدواروں کی تعداد 40 کے برابر ہے یا نہیں اس کے بعد اسے پولنگ سٹیشن کے فراہم کردہ لفافے میں بیلٹ پیپر ڈالنا چاہیے اور لفافے میں موجود بیلٹ پیپر کو **سفید** بیلٹ باکس میں ڈالنا چاہیے۔

- اگر کوئی انتخاب کنندہ یا مجاز نمائندہ بیلٹ پیپر کو نشان زد کرنے میں غلطی کرتا ہے یا نادانستہ طور پر بیلٹ پیپر خراب کر دیتا ہے تو وہ وہ بیلٹ پیپر پریزائیڈنگ آفیسر ("PRO") کو واپس کر سکتا ہے اور اس کے متبادل کی درخواست کر سکتا ہے۔

## بیلٹ پیپر جمع کرنے کے لیے ضروری دستاویزات

- مروجہ قانون کے تحت ، بیلٹ پیپر کے لیے درخواست دینے والا شخص اپنے HKID کارڈ کا اصل یا درج ذیل مخصوص متبادل دستاویزات پیش کرے:
  - ایک درست HKSAR پاسپورٹ کا اصل۔ یا
  - استثنیٰ سرٹیفکیٹ کا اصل۔ یا
  - HKID کارڈ کے لیے درخواست کی تصدیق کا اصل۔ یا
  - اس شخص کی درست سمندری شناختی کتاب کا اصل۔ یا
  - ویزا کے مقاصد کے لیے اس شخص کے شناختی دستاویز کا اصل۔ یا
  - کسی شخص کے HKID کارڈ کے گم ہونے یا خراب ہونے کے بارے میں پولیس افسر کو رپورٹ پیش کرنے والی ایک دستاویز یا HKID کارڈ کے لیے درخواست کی تصدیق (جسے عام طور پر "گمشدہ جائیداد کا میمو" کہا جاتا ہے) ایک درست پاسپورٹ* یا اسی طرح کی سفری دستاویز (مثلاً HKSAR پاسپورٹ یا ہوم ریٹرن پرمٹ کے علاوہ کوئی پاسپورٹ) جس میں اس کا نام اور تصویر دکھائی گئی ہو۔

*برٹش نیشنل (بیرون ملک) (BN (O)) پاسپورٹ ایک درست سفری دستاویز اور شناخت کا ثبوت نہیں ہے۔

- تفصیلات کے لیے ، براہ کرم انتخابی امور کمیشن (انتخابی طریقہ کار) (قانون ساز کونسل) ریگولیشن (Cap.541D) کے سیکشن 50 سے رجوع کریں۔

## ضرورت کے مطابق انتخاب کنندگان یا AR کے لیے خصوصی قطار

- پولنگ اسٹیشن میں صرف انتخاب کنندہ یا AR کو داخلے کی اجازت ہے۔
- "منصفانہ اور مساوی سلوک" کے اصول کے تحت ، انتخاب کنندگان یا AR کو ووٹ ڈالنے کے لیے قطار میں کھڑا ہونا چاہیے۔ اگر PRO مطمئن ہو کہ کوئی شخص جو پولنگ اسٹیشن پر پہنچتا ہے ، یا وہاں موجود

ہوتا ہے ، ووٹ ڈالنے کے لیے درج ذیل تفصیل میں آتا ہے ، PRO اس شخص کو ہدایت کرے گا کہ وہ فوری طور پر مقررہ علاقے یا قطار کے اختتام پر آگے بڑھے۔ اگر بیلٹ پیپر کے لیے درخواست دینے کے لیے اس علاقے سے قطار لگی ہوئی ہے۔

- o جس کی عمر 70 سال سے کم نہ ہو*؛
- o جو حاملہ ہے؛ یا
- o جو بیماری ، چوٹ ، معذوری یا نقل و حرکت کی امداد پر انحصار کی وجہ سے ، طویل عرصے تک قطار میں کھڑا ہونے کے قابل نہیں ہے یا قطار میں کھڑے ہونے میں دشواری ہے۔

*درج ذیل شخص سمیت۔

- o جس کے دستاویز میں پیدائش کا سال ، مہینے اور دن کے بغیر ظاہر ہوتا ہے ، اس شخص کا جو پولنگ کا دن آنے والے سال سے پہلے 70 سال کا ہے۔
- o جس کے دستاویز میں پیدائش کا سال ، دن کے بغیر ظاہر ہوتا ہے اس شخص کی پیدائش کا سال جس سال میں پولنگ کا دن آتا ہے اس سال سے 70 سال پہلے ہے اور اس شخص کی پیدائش کا مہینہ اور پولنگ کے دن کا مہینہ ایک ہی ہے ۔

- PRO پولنگ سٹیشن کے اندر بیٹھنے کا علاقہ بھی متعین کرے گا تاکہ مذکورہ انتخاب کنندگان یا AR آرام کر سکیں ، اگر وہ چاہیں۔ آرام کرنے کے بعد ، وہ بیلٹ پیپر جاری کرنے والے ڈیسکوں کی طرف جانے سے پہلے خصوصی قطار کے ساتھ قطار میں کھڑے ہو سکتے ہیں۔
- ووٹنگ کی خودمختاری اور ووٹوں کی رازداری کے اصولوں کی بنیاد پر ، قانون کسی کو بھی (چاہے وہ/وہ کسی انتخاب کنندہ کا رشتہ دار یا دوست ہو) اپنے ووٹ ڈالنے کے لیے انتخاب کنندہ یا AR کی مدد یا مدد کرنے سے منع کرتا ہے۔ ایک انتخاب کنندہ یا AR سے خود بیلٹ پیپر کو نشان زد کرنے میں دشواری ہو ، وہ قانون کے مطابقPRO یا PRO کا ڈپٹی اپنی رائے دہی کی ترجیح کے مطابق اپنی طرف سے بیلٹ پیپر کو نشان زد کرتا ہے ، بطور گواہ ایک پولنگ عملے کی موجودگی میں۔ PRO کو صوابدید استعمال کرنے کی اجازت دی گئی ہے ، جہاں مناسب ہو ، ساتھ آنے والے افراد کو خاص قطار استعمال کرنے کی اجازت دی جائے تاکہ وہ انتخاب کنندگان کے ساتھ مل سکیں جن کے ساتھ حقیقی طور پر دوسروں کا ساتھ ہونا ضروری ھے ۔
- پولنگ عملے کو ووٹ ڈالنے کے بعد انتخاب کنندگان /ARs کی خدمت کے لیے کام کی دوبارہ شروع کرنے میں سہولت فراہم کرنے کے لیے ، اگر وہ تفویض کردہ پولنگ سٹیشن پر پہنچتا ہے لیکن اسٹیشن کے باہر داخل ہونے کے لیے لمبی قطار دیکھتا ہے تو اسے پولنگ اسٹیشن میں داخل ہونے کی اجازت دی جا سکتی ہے۔ بیلٹ پیپرز کو جمع کرنے اور پولنگ عملے کی شناخت پیش کرنے کے بعد ووٹ ڈالنے کو ترجیح دیں۔

**<u>انتخاب کنندگان /ARs کے لیے چیک لسٹ</u>**

- الیکشن (کرپٹ اور غیر قانونی طرز عمل) آرڈیننس (Cap.554) کے مطابق آزاد کمیشن برائے انسدادِ بدعنوانی ("ICAC") کے ذریعہ نافذ کیا گیا ہے ، ایک انتخاب کنندگان یا AR کو ہانگ کانگ کے اندر یا کسی اور جگہ پر درج ذیل کارروائیاں نہیں کرنی چاہئیں:
  - o کسی بھی شخص کو انتخابی مدت کے دوران عوامی سرگرمیوں کے ذریعے ووٹ نہ دینے ، خالی یا غلط ووٹ ڈالنے پر اکساتا ہے۔
  - o جان بوجھ کر کسی دوسرے شخص کو الیکشن میں ووٹ ڈالنے میں رکاوٹ ڈالتا ہے اور روکتا ہے۔
  - o الیکشن میں ووٹ نہ دینے ، یا ووٹ ڈالنے یا کسی خاص امیدوار یا خاص امیدواروں کو ووٹ نہ دینے کی وجہ سے کسی بھی شخص سے کوئی فائدہ (پیسہ ، تحفہ وغیرہ) ، کھانا ، پینا یا تفریح طلب کرنا یا قبول کرنا۔
  - o کسی بھی شخص کو کوئی فائدہ (بشمول پیسے ، تحفہ وغیرہ) ، کھانے ، پینے یا تفریح کی پیشکش کرتا ہے تاکہ کسی بھی شخص کو تحریک میں ووٹ نہ دینے ، یا ووٹ ڈالنے یا کسی خاص امیدوار یا خاص امیدواروں کو ووٹ نہ دینے پر بطور انعام ملے۔
  - o کسی شخص کے خلاف طاقت استعمال کرتا یا طاقت استعمال کرنے دھمکی دیتا ہے کہ وہ کسی شخص کو ووٹ ڈالنے یا الیکشن میں ووٹ نہ دینے ، یا ووٹ دینے یا کسی خاص امیدوار یا خاص امیدواروں کو ووٹ نہ دینے پر آمادہ کرے۔
  - o کسی بھی شخص کو دھوکہ دے کر ووٹ ڈالنے یا الیکشن میں کسی خاص امیدوار یا خاص امیدواروں کو ووٹ نہ دینے ، یا الیکشن میں ووٹ نہ دینے ، یا الیکشن میں ووٹ ڈالنے سے دھوکہ دے کر کسی بھی شخص کو روکنے یا روکنے پر آمادہ کرتا ہے۔
  - o الیکشن میں ووٹ ڈالنا یہ جانتے ہوئے کہ آپ ایسا کرنے کے حقدار نہیں ہیں۔

- o کسی انتخابی افسر کو جان بوجھ کر یا لاپرواہی سے غلط یا گمراہ کن معلومات (مثلا جھوٹا بنیادی رہائشی پتہ) دینے کے بعد ووٹ دینا۔

پولنگ سٹیشن میں درج ذیل حرکتیں کرنا بھی ممنوع ہیں۔

- o دوسرے انتخاب کنندگان یا ARs کے ساتھ بات چیت کرنا بشمول بیلٹ پیپر پر اپنا ووٹ دوسروں کو دکھانا یا الیکٹرانک مواصلات کے لیے موبائل ٹیلی فون یا کوئی دوسرا آلہ استعمال کرنا۔
- o فلم بنانا ، تصاویر لینا یا کوئی آڈیو یا ویڈیو ریکارڈنگ کرنا۔
- o دوسرے انتخاب کنندگان یا ARs سے اپنے بیلٹ پیپر پر نشان لگانے کو کہنا۔ ضرورت کی صورت میں ، آپ ، قانون کے مطابق ، PRO سے درخواست کریں کہ پولنگ افسر کی موجودگی میں اپنے بیلٹ پیپر پر نشان لگائیں ۔
- o دوسرے انتخاب کنندگان یا ARs کے ساتھ مداخلت کرنا جو اپنا ووٹ کاسٹ کر رہے ہیں۔

- ICAC نے کلین الیکشن ویب سائٹ قائم کی ہے اور متعلقہ معلومات (انگریزی اور چینی دونوں میں) فراہم کرتی ہے۔ براہ کرم ملاحظہ کریں www.icac.org.hk/elections ۔

**<u>پولنگ اسٹیشنوں اور گنتی کرنے والے اسٹیشنوں پر COVID-19 کے جواب میں انسداد وبا کے اقدامات</u>**

- COVID-19 کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے ، فوڈ اینڈ ہیلتھ بیورو اور مرکز برائے صحت کے تحفظ کے ساتھ ، REO پولنگ اسٹیشنوں اور گنتی کرنے والے اسٹیشنوں (بشمول مرکزی گنتی کرنے والا اسٹیشن) میں مندرجہ ذیل اقدامات اپنائے گا۔

*پولنگ اسٹیشن*

- o پولنگ کے تمام عملے کے لیےجراحی ماسک پہننا اور اپنے جسم کا درجہ حرارت چیک کرنا ضروری ہے۔ انہیں چہرے کی شیلڈ بھی پہننی پڑتی ہے اگر وہ شفاف حفاظتی اسکرینوں سے محفوظ نہیں ہیں جو بیلٹ پیپر جاری کرنے والے ڈیسک ، PRO ڈیسک وغیرہ پر کھڑی کی جائیں گی۔
- o پولنگ اسٹیشنوں میں داخل ہونے والے تمام افراد (بشمول انتخاب کنندگان ، امیدواروں/مجاز نمائندگان)(ARs) کے لیے اپنا اپنا ماسک صحیح طریقے سے پہننا، ان کے جسم کا درجہ حرارت چیک کرنا اور پولنگ اسٹیشنوں کے داخلی اور خارجی راستوں پر رکھے گئے ہینڈ سینیٹائزر کا استعمال کرتے ہوئے اپنے ہاتھوں کو رگڑنا ضروری ہے ۔
- o تمام پولنگ اسٹیشنوں پر الیکٹرانک تھرمامیٹر لگائے گئے ہیں تاکہ پولنگ سٹیشنوں پر پہنچنے پر انتخاب کنندگان ، امیدواروں/مجاز نمائندگان (ARs)کے جسمانی درجہ حرارت کو چیک کیا جا سکے۔
- o پولنگ کے عملہ جس کو بخار یا سانس کی علامات ، یا اچانک ذائقہ/بو کی کمی ہو اس کوانتخابی فرائض انجام دینے کی اجازت نہیں ہوگی جبکہ امیدواروں/مجاز نمائندگان(ARs) کو پولنگ اسٹیشنوں میں داخل ہونے کی اجازت نہیں ہوگی لیکن امیدوار دوسرے نمائندے کو پول کا مشاہدہ کرنے کا اختیار دے سکتے ہیں۔
- o بخار یا سانس کی علامات یا ذائقہ/بو کی اچانک کمی والے انتخاب کنندگان کو پولنگ اسٹیشنوں پر نامزد کمپارٹمنٹس میں ووٹ ڈالنے کے لیے تفویض کیا جائے گا۔
- o پولنگ اسٹیشنوں پر ہاتھوں میں پکڑے ہوئےاعلان نامے اور اشارےرکھے جائیں گے تاکہ انتخاب کنندگان کوسماجی فاصلہ برقرار رکھنے کی یاد دہانی کرائی جائے گی۔

*گنتی کرنے والا اسٹیشن [بشمول مرکزی گنتی کرنے والا اسٹیشن( سنٹرل کاؤنٹنگ اسٹیشن)[1]]*

- o گنتی کرنے والا اسٹیشنوں کے تمام عملے (بشمول سنٹرل کاؤنٹنگ اسٹیشن) کو جراحی ماسک اور دستانے پہننا ضروری ہے۔ سنٹرل کاؤنٹنگ اسٹیشن کے رجسٹریشن اور انکوائری کاؤنٹر پر شفاف حفاظتی سکرینیں بھی کھڑی کی جائیں گی۔ عوامی گیلریوں کے لیے زیادہ سے زیادہ گنجائش کے حامل میڈیا سینٹر میں سماجی فاصلے کے اقدامات سختی سے نافذ کیے جائیں گے۔

[1] مرکزی گنتی کرنے والے اسٹیشن کے لیے مجوزہ حفاظتی اقدامات میڈیا سینٹر کے لیے بھی اختیار کیے جائیں گے۔

- بخار یا سانس کی علامات ، یا ذائقہ/بو کی اچانک کمی کے ساتھ گنتی کرنے والے عملےکو گنتی کے فرائض انجام دینے کی اجازت نہیں ہوگی۔
- انتخاب کنندگان ، امیدواروں/مجاز نمائندگان(ARs) کے جسمانی درجہ حرارت کی جانچ کے لیے ہر گنتی کے اسٹیشن (بشمول سنٹرل کاؤنٹنگ اسٹیشن) پر الیکٹرانک تھرمامیٹر لگائے گئے ہیں تاکہ تاکہ بخار میں مبتلا افراد کی جانچ کی جا سکے۔ بخار یا سانس کی علامات ، یا اچانک ذائقہ/بو کی کمی والے کسی بھی شخص کو گنتی کرنے والے اسٹیشنوں میں داخل ہونے کی اجازت نہیں ہوگی۔ اگر امیدواروں/مجاز نمائندگان(ARs) کو بخار یا سانس کی علامات ، یا اچانک ذائقہ/بو کی کمی ہو جائے تو امیدوار دوسرے نمائندے کو گنتی کا مشاہدہ کرنے کا اختیار دے سکتے ہیں۔
- گنتی کے اسٹیشنوں (بشمول سینٹرل کاؤنٹنگ اسٹیشن) کے اندر ہینڈ سینیٹائزر (ہاتھ پر ملنے والا جراثیم کش مادہ) فراہم کیے جائیں گے۔
- REO ہانگ کانگ کنونشن اینڈ ایگزیبیشن سینٹرکے ذریعے اسٹیشن کے کھلنے سے پہلے سینٹرل کاؤنٹنگ اسٹیشن میں غیر دھاتی سطح کے فرنیچر کو پتلا بلیچ استعمال کرکے جراثیم سے پاک کرنے کا انتظام کرے گا کہ (جیسے کاؤنٹنگ ڈیسک ، ریسیپشن کاؤنٹر ، کرسیاں وغیرہ)